## محترمہ بینظیر بھٹو کا قتل جمہوریت اور لبرل ازم کا قتل ہے۔الطاف حسین
## یہ سندھ سے تعلق رکھنے والے تیسرے وزیراعظم کی شہادت کا واقعہ ہے
## اگر بینظیر بھٹو کے قتل کی منصوبہ بندی کرنے والوں کو سامنے نہ لایا گیا تو خاکم بدہن پاکستان کی سلامتی خطرے میں نظر آرہی ہے
## اس سانحہ پر میرا دل خون کے آنسو رو رہا ہے۔مختلف ٹی وی چینلز کو انٹرویو

لندن۔۔۔27 دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ محترمہ بینظیر بھٹو کا قتل جمہوریت اور لبرل ازم کا قتل ہے ۔مختلف ٹی وی چینلز کو دیے گئے اپنے انٹرویو میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو جاں بحق نہیں بلکہ شہید ہوئی ہیں لہٰذا انہیں شہید کہنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت ایک بہت بڑا اور المناک سانحہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت پاکستان کا بہت بڑا نقصان ہے، یہ ان لوگوں کا نقصان ہے جو ملک میں جمہوریت چاہتے ہیں ، جو ملک میں لبرل ازم اور ماڈریشن چاہتے ہیں۔محترمہ بینظیر بھٹو کا قتل جمہوریت کا قتل ہے، لبرل ازم کا قتل ہے ۔اس سانحہ پر میرا دل خون کے آنسو رو رہا ہے ، مجھے ذاتی طور پر انتہائی دکھ اور صدمہ پہنچا ہے ۔میں اس سانحہ پر محترمہ بینظیر بھٹو کے شوہر آصف زرداری، ان کے بچوں، پیپلز پارٹی کے رہنماؤں ،کارکنوں اور ہمدردوں کے دکھ میں برابر کا شریک ہوں اور ان سے دلی تعزیت کرتا ہوں ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں ایک بات ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں اور کہ یہ سندھ سے تعلق رکھنے والے تیسرے وزیراعظم کی شہادت کا واقعہ ہے ۔ پہلے لیاقت علی خان کو پنڈی میں شہید کیا گیا، پھر ذوالفقار علی بھٹو کو شہید کیا گیا اور آج بھٹو کی بیٹی بینظیر بھٹو کو شہید کر دیا گیا اور شہید کی بیٹی بھی اپنے باپ کی طرح شہید ہو گئیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ جب بینظیر بھٹو کراچی واپس آئیں تو میری ان سے ٹیلیفون پر بات ہوئی، ان کی باتوں سے اندازہ ہوا کہ انہوں نے ماضی میں کی جانے والی سازشوں کو سمجھ لیا ہے لیکن وہ قوتیں ملکی ترقی کی مخالف ہیں، جو ملک سے جمہوریت کا خاتمہ چاہتی ہیں اور ملک کو زمانہ قدیم میں لے جانا چاہتی ہیں انہوں نے یہ دیکھا کہ متحدہ قومی موومنٹ اور پیپلز پارٹی کسی وقت بھی قریب آ کر ملک کو جمہوریت کے فروغ ،لبرل ازم اور ماڈریشن کی طرف لے جائیں گی اسلئے انہوں نے محترمہ بینظیر بھٹو کو شہید کر دیا۔اناللہ وانا الیہ راجعون۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ ایک عہد کا قتل ہے، یہ ملک کو تباہ و برباد کرنے کا عمل ہے۔اس المیہ سے سندھ میں مزید احساس محرومی پیدا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت کی وجہ سے قومی سیاست میں جو خلاء پیدا ہوا ہے وہ پورا نہیں ہوسکتا انہوں نے صدر پرویز مشرف ،نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو اور تمام مقتدر اداروں سے اپیل کی کہ اس واقعہ اور اس کی منصوبہ بندی میں جو بھی خفیہ ہاتھ ملوث ہیں ان کو بے نقاب کیا جائے اور انہیں سخت سے سخت سزا دی جائے۔ اگر بینظیر بھٹو کے قتل کی منصوبہ بندی کرنے والوں کو سامنے نہ لایا گیا تو خاکم بدہن مجھے پاکستان کی سلامتی خطرے میں نظر آرہی ہے ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ وہ قوتیں جو جمہوریت پسند قوتوں کو ختم کرنا چاہتی ہیں ، جو پاکستان کو قدیم زمانے میں لے جانا چاہتی ہیں وہ پاکستان کے استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہی ہیں، لہٰذا پاکستان کے جمہوریت پسند عوام خدارا اتحاد کا مظاہرہ کر کے ملک کو بچالیں۔

## محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت ایک قومی سانحہ ہے۔الطاف حسین
## سانحہ پر محترمہ بینظیر بھٹو کے اہل خانہ، آصف علی زرداری، پیپلز پارٹی کے رہنماؤں،
## کارکنوں اور ہمدردوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔27 دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے راولپنڈی میں بم دھماکے میں پاکستان پیپلز پارٹی کی چیئر پرسن محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت پر گہرے دکھ، دلی صدمہ اور رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ راولپنڈی میں ہونے والے دہشت گردی کا یہ واقعہ انتہائی قابل مذمت اور سفاکانہ ہے جس میں محترمہ بینظیر بھٹو کو شہید کر دیا گیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ ایک قومی سانحہ ہے جس پر میں اور متحدہ قومی موومنٹ کے تمام کارکنان اور ہمدرد عوام محترمہ بینظیر بھٹو کے اہل خانہ، آصف علی زرداری، پیپلز پارٹی کے رہنماؤں، کارکنوں اور ہمدردوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محترمہ بینظیر بھٹو کی مغفرت فرمائے اور تمام سوگواروں کو صبر عطا کرے۔

## بےنظیر بھٹو کی شہادت پر متحدہ قومی موومنٹ نے ملک بھر میں تین دن تک سوگ منانے کا اعلان کر دیا
## سندھ سمیت پورے ملک میں انتخابی وسیاسی سرگرمیاں معطل، تمام تنظیمی دفاتر بند اور تنظیمی پرچم سرنگوں کر دیئے جائیں گے
## عوام اس اندوہناک سانحہ پر اپنے جذبات کو قابو میں رکھیں اور صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں
## کراچی اور لندن میں رابطہ کمیٹی کے ہنگامی اجلاس میں فیصلے

لندن۔۔۔27، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کا ایک ہنگامی اجلاس آج کراچی اور لندن میں بیک وقت منعقد ہوا۔ اجلاس میں راولپنڈی میں پاکستان پیپلز پارٹی کی چیئر پرسن محترمہ بےنظیر بھٹو کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے دہشت گردی کے اس گھناؤنے واقعہ کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی گئی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ محترمہ بےنظیر بھٹو کی شہادت ملک کے جمہوری وپروگریسیو طبقوں اور پاکستان کے عوام خصوصاً سندھ کے عوام کیلئے ایک عظیم نقصان ہے جس پر ہر محبّ وطن پاکستانی دل گرفتہ ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ محترمہ بےنظیر بھٹو کی شہادت پر متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر میں تین دن تک سوگ منانے کا اعلان کرتی ہے۔ اس دوران سندھ سمیت پورے ملک میں متحدہ قومی موومنٹ کی انتخابی وسیاسی سرگرمیاں معطل رہیں گی اور تمام تنظیمی دفاتر سوگ میں بند رکھے جائیں گے۔ مزید براں متحدہ قومی موومنٹ کے پرچم بھی سرنگوں کر دیئے جائیں گے۔ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے فیصلے کی توثیق کر دی ہے۔ اجلاس میں ایک قرارداد کے ذریعہ محترمہ بےنظیر بھٹو کے شوہر آصف زرداری، دیگر اہل خانہ، لواحقین، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں، کارکنوں اور محترمہ بےنظیر بھٹو کے چاہنے والوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین، تمام عہدیداران، کارکنان، مائیں، بہنیں، بزرگ اور ہمدرد پیپلز پارٹی کے رہنماؤں وکارکنوں اور محترمہ بےنظیر بھٹو کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اجلاس میں دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ محترمہ بےنظیر بھٹو کی مغفرت فرما کر انہیں شہادت کا درجہ عطا کرے، انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے اہل خانہ، لواحقین اور ان کے چاہنے والوں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ اجلاس میں تمام لوگوں سے اپیل کی گئی کہ ملکی تاریخ کے اس اندوہناک اور المناک سانحہ پر اپنے جذبات کو قابو میں رکھیں اور صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں۔ اجلاس میں صدر جنرل پرویز مشرف، وزیراعظم محمد میاں سومرو اور اسٹیبلشمنٹ کے اداروں سے مطالبہ کیا گیا کہ محترمہ بےنظیر بھٹو کو شہید کرنے والے سفاک قاتلوں اور ان کے پیچھے کارفرما خفیہ ہاتھوں کو بےنقاب کر کے سرعام سزائیں دی جائیں۔

## ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں بےنظیر بھٹو کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی
## الطاف حسین نے محترمہ بےنظیر بھٹو کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کرائی

لندن۔۔۔27، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پیپلز پارٹی کی چیئر پرسن محترمہ بےنظیر بھٹو کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ فاتحہ خوانی میں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین، رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق، سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید، رابطہ کمیٹی کے ارکان ایم انور، طارق میر، سلیم شہزاد، آصف صدیقی، محمد اشفاق، مصطفیٰ عزیز آبادی، جاوید کاظمی، ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان اور ایم کیو ایم یوکے یونٹ کے عہدیداران نے شرکت کی۔ اس موقع پر جناب الطاف حسین نے محترمہ بےنظیر بھٹو کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کرائی۔ بعدازاں جناب الطاف حسین نے محترمہ بےنظیر بھٹو کے بلند درجات، آصف زرداری سمیت شہید کے تمام سوگوار لواحقین اور پیپلز پارٹی کے کارکنان کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

## بینظیر بھٹو کی شہادت کے سوگ میں ایم کیو ایم کے تمام انتخابی جلسے منسوخ، تمام تنظیمی دفاتر بند کر دیئے گئے

کراچی۔۔۔27 دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پیپلز پارٹی کی سربراہ محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت کی اطلاع ملتے ہی پورے پاکستان میں انتخابی مہم کے سلسلے میں ہونے والے تمام مجوزہ جلسے منسوخ کر دیئے ہیں اور سانحہ کے سوگ میں تمام تنظیمی دفاتر اور الیکشن آفسز بند کر دیئے ہیں۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری کی فوزیہ وہاب سے فون پر تعزیت

کراچی۔۔۔27دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید شعیب احمد بخاری نے پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن محترمہ بینظیر بھٹو کی راولپنڈی میں دہشتگردی کے المناک واقعہ میں شہادت پر گہرے افسوس کا اظہار کیا اور محترمہ کی رہائشگاہ بلاول ہاؤس فون کرکے پیپلز پارٹی کی رہنماء اور سابق رکن قومی اسمبلی محترمہ فوزیہ وہاب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور دہشتگردی کے اس واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔انہوں نے فوزیہ وہاب سے گفتگو کے دوران راولپنڈی میں دہشتگردی کا نشانہ بننے والی پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن محترمہ بینظیر بھٹو شہید سمیت متعدد کارکنان کی المناک شہادت پر قائد تحریک جناب الطاف حسین، رابطہ کمیٹی اور ایم کیو ایم کی جانب سے افسوس کا اظہار کیا۔

## بینظیر بھٹو کی المناک شہادت پر ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر پرچم سرنگوں، سیاہ پرچم لہرادیئے گئے

کراچی۔۔۔27دسمبر 2007ء

پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن اور سابق وزیراعظم بینظیر بھٹو کی راولپنڈی میں ہونیوالی المناک شہادت پر متحدہ قومی موومنٹ نے تین روزہ سوگ کے سلسلے میں جمعرات کی شب عزیزآباد میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو کے قریب واقع جھنڈا چوک پر ایم کیو ایم کا پرچم سرنگوں کردیا گیا ہے جبکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ اور جھنڈا چوک پر سیاہ پرچم لہرادیئے گئے ہیں۔

## ایم کیو ایم کے زیراہتمام آج لیاری، گلشن اقبال اور محمود آباد میں انتخابی جلسے منعقد کئے جائیں گے
## انتخابی جلسوں سے الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔27دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام کل بروز جمعہ کی شام 4 بجے لیاری، گلشن اقبال اور محمود آباد میں انتخابی جلسے منعقد کئے جائیں گے جن سے قائد تحریک جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ یہ جلسہ عام لیاری کے علاقے عثمان آباد میں واقع محمدی گراؤنڈ، گلشن اقبال میں واقع A-13 گراؤنڈ اور محمود آباد میں محمود آباد گیٹ کے مقام پر منعقد ہوں گے۔ان انتخابی جلسوں میں ایم کیو ایم لیاری، رنچھوڑ لائن، گلشن اقبال، اسکیم 33 اور محمود آباد سے تعلق رکھنے والے کارکنان اور عوام کے علاوہ مذکورہ علاقوں سے ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدواران برائے قومی وصوبائی اسمبلی بھی شرکت کریں گے۔انتخابی جلسہ عام کے انعقاد کے سلسلے میں لیاری، گلشن اقبال اور محمود آباد میں زبردست گہما گہمی دیکھی جارہی ہے اور ایم کیو ایم کے کارکنان وعوام میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے۔

## پاکستان کی ترقی کا راز مکمل صوبائی خودمختاری میں ہے، وسیم اختر، رضا ہارون
## لائنز ایریا میں ایک منارمسجد جٹ لائن، جھنڈا چوک جیکب لائن اور دیگر علاقوں میں کارنر میٹنگوں سے خطاب

کراچی۔۔۔27دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے NA-251 وسیم اختر اور نامزد امیدوار برائے پی ایس 115 رضا ہارون نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کا راز ملک کے تمام صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دینے میں ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز لائنز ایریا میں ایک منارہ مسجد جٹ لائن، جھنڈا چوک بی ہائینڈ جیکب لائن اور پہاڑی ایریا ڈبے شاہ مزار پر منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کارنر میٹنگوں میں علاقے کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور حق پرست امیدواران کو انتخابات میں اپنے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔اپنے خطاب میں وسیم اختر اور رضا ہارون نے کہا کہ ایم کیو ایم کا منشور عوامی ہے اور اس منشور کی بنیاد تمام صوبوں کو 1940ء کی لاہور قرارداد پاکستان کی اصل روح کے مطابق صوبائی خودمختاری کا حصول ہے۔انہوں نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ ملک پر اٹھانوے فیصد غریب اور متوسط طبقے کی حکمرانی قائم ہو اور ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے جاگیردارانہ نظام کا مکمل خاتمہ انتہائی ضروری ہے۔

## مسلم لیگ فنکشنل کراچی کے صدر جاوید سنگجی نے عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کردیا

کراچی ۔۔۔27دسمبر 2007ء

مسلم لیگ فنکشنل کراچی ڈویژن کے صدر جاوید سنگجی نے 8 جنوری 2008ء کو ہونے والے عام انتخابات میں ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدواران برائے NA-252 عبد الرشید گوڈیل، برائے NA-253 حیدر عباس رضوی، برائے NA256 اقبال محمد علی، برائے پی ایس 119 ڈاکٹر ندیم مقبول، برائے پی ایس 118 محمد مزمل قریشی، برائے پی ایس 120 نشاط محمد ضیاء قادری اور برائے پی ایس 116 سید سردار احمد کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے بدھ کے روز مسلم لیگ (ف) کے مرکزی سیکریٹریٹ کراچی ڈویژن میں حق پرست امیداران برائے قومی وصوبائی اسمبلی سے ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدواروں نے انہیں ایم کیوایم کے انتخابی منشور کے نکات سے بھی آگاہ کیا۔ ملاقات میں جاوید سنگجی نے حق پرست قیادت کے ترقیاتی منصوبوں کو سراہا اور آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدواران کی مکمل حمایت کا اعلان کیا۔

## عالمی شہرت یافتہ قومی کرکٹر شاہد خان آفریدی نے آفریدی قبیلے کی جانب سے حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کردیا

## عوام، حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں، شاہد خان آفریدی

کراچی ۔۔۔27دسمبر 2007ء

عالمی شہرت یافتہ قومی کرکٹر شاہد خان آفریدی نے حق پرست امیدوار برائے NA-245 فرحت خان اور برائے PS-103 ڈاکٹر محمد علی شاہ کی حمایت کا اعلان کیا ہے اور آفریدی قبیلے کے بزرگوں، نوجوانوں، ماؤں، بہنوں اور ملک بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔ ایم کیوایم کے تحت انتخابی مہم کے سلسلے میں نارتھ ناظم آباد یونٹ 196 میں منعقدہ کارنر میٹنگ میں معروف کرکٹر شاہد خان آفریدی نے آفریدی قبیلے کے نوجوانوں اور بزرگوں کے ہمراہ شرکت کی۔ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے شاہد خان آفریدی نے کہا کہ سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت نے شہر میں ترقیاتی وتعمیراتی کام کرا کر شہر کا نقشہ تبدیل کردیا ہے اور حق پرست امیدوار ہی اس بات کے مستحق ہیں کہ انہیں آئندہ انتخابات یں ووٹ دیکر کامیاب بنایا جائے۔ قبل ازیں حق پرست امیدواران فرحت خان اور ڈاکٹر محمد علی شاہ نے کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے جائز حقوق کے حصول کی عملی جدوجہد کررہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ اور عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں۔ انہوں نے آفریدی قبیلے کی جانب سے حق پرست امیدواروں کی حمایت کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندے عوام کی بلا امتیاز خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔

## عوام مفاد پرست جماعتوں کے نمائندوں کو مسترد کردیں، شکیل عمر

## مومن آباد اورنگی ٹاؤن میں منعقدہ انتخابی اجتماع سے رابطہ کمیٹی کے رکن شکیل عمر اور حق پرست امیدواران کو خطاب

کراچی ۔۔۔27دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیر اہتمام قومی اسمبلی کے حلقہ 241 اور صوبائی اسمبلی کے حلقہ 93 کی انتخابی مہم کے سلسلے میں گزشتہ روز مومن آباد اورنگی ٹاؤن میں اجتماع کا انعقاد کیا گیا جس میں اورنگی ٹاؤن کی پختون، پنجابی، سرائیکی، ہزارے وال قومیتوں کے علاوہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شکیل عمر، NA-241 کے حق پرست امیدوار اقبال قادری، پی ایس 93 کے حق پرست امیدوار صلاح الدین اور ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے شرکت کی۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن شکیل عمر نے کہا کہ نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کی منافقت کا پردہ چاک ہوچکا ہے اور عوام جان چکے ہیں کہ عوام کی عملی خدمت کونسی جماعت کررہی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کہ وہ مفاد پرست سیاسی ومذہبی جماعتوں کے نمائندوں کو مسترد کردیں اور اپنے بنیادی مسائل کے حل کیلئے غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدواران برائے قومی وصوبائی اسمبلی اقبال قادری اور صلاح الدین نے کہا کہ ایم کیوایم پختون، پنجابی، سرائیکی اور دیگر قومیتوں سے تعلق رکھنے والے عوام کے مسائل کا حل کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ آئندہ عام انتخابات میں اپنے قیمتی ووٹ کا استعمال ضرور کریں اور 8 جنوری کو پتنگ کے نشان پر مہر لگائیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ عوام کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے

## کراچی کے مختلف علاقوں میں منعقدہ کارنر میٹنگوں سے حق پرست امیدواروں کا خطاب

کراچی۔۔۔27دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواران برائے قومی وصوبائی اسمبلی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ عوام کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور حق پرست قیادت کا عمل وکردار عوام کے سامنے ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے اپنے حلقہ انتخاب میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انتخابی مہم کے سلسلے میں صدر کے علاقے بوری بازار کے قریب مسجد قصابان،کورنگی اسٹاپ میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، حق پرست امیدوار برائے NA-250 خوش بخت شجاعت اور حق پرست امیدوار برائے PS-112 مقیم عالم نے خطاب کیا۔اس موقع بوہری کمیونٹی، پارسی کمیونٹی اور سیالکوٹ کے گجر برادری کے معززین نے متحدہ قومی موومنٹ کے ذمہ داران کو اپنی مکمل حمایت کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ وہ 8 جنوری کے انتخابات میں حق پرست امیدوار برائے NA-250 خوش بخت شجاعت اور برائے PS-112 مقیم عالم کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں گے۔حق پرست امیدوار برائے NA-255 آصف حسنین اور حق پرست امیدوار برائے PS-128 سردار احمد نے لانڈھی معین آباد میں جبکہ حق پرست امیدوار برائے NA-252،عبدالرشید گوڈیل،حق پرست امیدوار برائے NA-247 ڈاکٹر ندیم احسان اور حق پرست امیدوار برائے PS-107 شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے لیاقت آباد کے علاقے حسن کالونی میں کارنر میٹنگ سے خطاب کیا۔اسی طرح حق پرست امیدوار برائے NA-242،عبدالقادر خانزادہ،حق پرست امیدوار برائے PS-95 منظر امام نے رئیس امروہوی کالونی،گلشن ضیاء،سلیم آباد،گلشن بہار اورنگی میں،حق پرست امیدوار برائے NA-258 نثار احمد شر اور حق پرست امیدوار برائے PS-130 یوسف منیر شیخ نے بن قاسم کے علاقے عارف پہنور گوٹھ ، جوگی موڑ منعقدہ کارنر میٹنگوں سے خطاب کیا جبکہ حق پرست امیدوار برائے NA-247، ڈاکٹر ندیم احسان ، حق پرست امیدوار برائے PS-104 ریحان ظفر نے گلبہار کے علاقے حسن کالونی، گجر نالہ، سراج کالونی اور مجاہد کالونی میں مسیحی برادری سے ملاقات کی اور انہیں کرسمس کی مبارکباد پیش کی۔اپنے خطاب میں مقررین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور خدمت ہی ایم کیوایم منشور ہے،انہوں نے کہا کہ حق پرست نمائندوں کی جانب سے کراچی ،حیدرآباد اور دیگر علاقوں میں تکمیل پانیوالے ترقیاتی منصوبوں نے عوام کے مسائل میں بڑی حد تک کمی کی ہے جس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی ۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 8 جنوری کو اپنا حق رائے لازمی استعمال کریں اور حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## پرامن جدوجہد کے ذریعے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتے ہیں،محمد شریف

کراچی۔۔۔27دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف نے کہا ہے کہ ایم کیوایم پرامن اور جمہوری جدوجہد کے ذریعے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم حیدرآباد زون پر منعقدہ کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں حق پرست امیدواران برائے قومی وصوبائی اسمبلی سید طیب حسین،صلاح الدین،ڈاکٹر ممتاز چانڈیو،اکرم قریشی،سید وسیم حسین،زبیر احمد خان،سہیل یوسف،عزیز سومرو،عبدالمعید راجپوت،ایم کیوایم حیدرآباد زونل کمیٹی کے اراکین اور مختلف شعبہ جات کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔محمد شریف نے کہا کہ عام انتخابات 2008ء کیلئے نامزد حق پرست امیدواران 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور وہ ماضی کی طرح آئندہ بھی ملک کی ترقی اور عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد جاری رکھیں گے۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ عام انتخابات 2008ء کے سلسلے میں بھرپور انتخابی مہم چلائیں، گھر گھر جا کر عوامی رابطہ کریں اور عوامی مسائل کے حل کیلئے اپنی کوششوں کا سلسلہ جاری رکھیں۔ اجلاس سے ایم کیوایم حیدرآباد کے جوائنٹ زونل انچارج صابر قریشی نے بھی خطاب کیا۔

☆☆☆☆☆